© rasailojaraid.com


# مکتوبِ اعزاز

دارالعلوم کے اکابر اساتذہ میں سے مولانا اعزاز علی نور اللہ مرقدہ بھی تھے آپ میں تربیت تلامذہ ، نظم و نسق ممتاز حیثیت سے تھا، انتظامی اور تدریسی امور میں علاوہ ان سے بہت ڈرتے تھے کبھی کبھی حضرت مدنی نور اللہ مرقدہٗ آپ سے فرمایا کرتے تھے کہ اپنی عینک کچھ دیر کے لئے مجھے دے دیں تاکہ طلبہ پر میرا رعب بھی پڑ جائے ۔ مگر طلباء کے ساتھ شفقت بھی بے نظیر تھی اس گناہ گار نے حضرت سے شمائل ترمذی پڑھی تھی ۔ فراغت کے بعد تعلق استوار رہا ۔ کئی گرامی نامہ میری بے احتیاطی سے تلف ہوگئے ۔ آج حسن اتفاق سے یہ گرامی نامہ ملا جس کا عکس ارسال ہے ۔ یہ خط اس زمانہ کا ہے کہ حضرت مدنی کو نظر بند کرایا گیا اور ماہانہ چندہ اس طرح کم ہوگیا کہ طلبہ کا ماہانہ خرچ اور اساتذہ کی تنخواہیں بھی محدود رہیں ۔ اس میں ۱؎ سے مراد سرہند شریف مزار مجدد الف ثانیؒ ہے اور ۲؎ سے مراد احقر کی مرتبہ کتاب جواہر البخاری ہے ۔

والسلام ۔ مخلص زاہد الحسینی ۱۹ ذی قعدہ ۹۳ - ۵ - ۱۲

عزیز مکرم زیدت معالیکم السلام علیکم ، عرصہ ہوا کہ آپ کے والانامہ نے شرف صدور سے مشرف فرمایا تھا ۔ اتفاقی طور پر بھی سرہند شریف چلا گیا تھا ۔ کئی روز وہاں صرف ہوئے ۔ اس سے زیادہ یہ کہ عرصے سے اطمینان قلب حاصل نہیں ہے ۔ اور مدرسے کے اسباق بھی شروع ہوگئے ہیں ۔ ضعف استعداد کے باعث آپ کو معلوم ہے ۔ کہ اسباق بھی بغیر کافی مطالعے کے انجام دینا مشکل ہے ۔ انہیں وجوہ کی بنا پر والانامہ کے جواب میں پوری عجلت نہ کرسکا ۔ مجھ کو یہ یاد نہیں ۔ کہ میں نے آپ کے کسی خط کا جواب نہیں دیا ہے ۔ ۲۷ رشوال کے پہلے تک میں آئے ہوئے خطوط کے جواب روزانہ روانہ کرتا رہا ہوں ۔ جواب بالکل نہ دینا تو بُری بات ہے ۔ ایسے خطوط کم ہوں گے جن کا جواب میں نے خط آنے سے دوسرے یا تیسرے روز دیا ہو ۔ اس لیے یہ تو ہوسکتا ہے ۔ کہ آپ کا کوئی خط میرے پاس نہ پہونچا ہو ۔ لیکن اس مرتبہ جس پابندی کے ساتھ جوابات کے روانہ کرنے کا التزام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا ہے۔ اس کو خیال کرتے ہوئے مستبعد ہے۔ کہ آپ کا خط آیا ہو۔ اور میں نے جواب روانہ نہ کیا ہو۔

حضرت مولانا مدنی مدظلہ کی مدت اسارت وسط ذی الحجہ میں ختم ہو جائے گی۔ لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا ہے۔ کہ اس مدت کے بعد حضرت ممدوح دیوبند تشریف لے ہی آویں گے۔ اس کا پورا ہونا گورنمنٹ کی رائے پر ہے۔

میں نے آپ کے مسودے کے اوراق دیکھے میرے خیال میں آپ کی یہ تصنیف سب سے پہلی تمام تصنیفوں پر فوقیت رکھتی ہے۔ اور اس قابل ہے کہ اہل علم اس کو ہاتھوں ہاتھ لیں۔ آپ یقین کریں۔ کہ آپ کی یہ محنت جانفشانی اور بیان کی سلاست کو دیکھ کر دل سے دعا ئیں نکلیں قادر مطلق آپ کو حیات طویلہ عطا فرما کر اپنی مرضیات کی توفیق بیش از بیش عطا فرماوے۔ شرح عقائد نسفی کے ترجمے کے متعلق میں نے کتب خانۂ اعزازیہ کے مالک صاحب سے بتاکید عرض کر دیا تھا۔ کہ وہ آپ کو واپس کر دیں۔ معلوم نہیں۔ کہ انہوں نے کیوں روانہ نہیں کیے۔ اگر موقعہ ہوا تو میں آج ان سے جا کر پھر عرض کرونگا۔ مناسب یہ ہے۔ کہ آپ بھی ان کو تاکید کے ساتھ لکھیں۔ مسئلہ اور آپ کے متعلق میں نے جو کچھ عرض کیا ہے۔ اگر مناسب نہ ہو۔ تو انہیں کو تقریظ کے کام میں ہی لے آئیں۔ ورنہ مشاہیر علماء کی تقاریظ کے بعد بظاہر ایک ایسے شخص کی تقریر محتاج الیہ نہیں ہے۔ جو کس مپرسی کے عالم میں زندگی گذار رہا ہو آپ کا دعاگو ہوں۔ اور حسن خاتمہ کی دعا کا متمنی ہوں۔ برخوردارم حامد میاں سلام عرض کرتے ہیں۔ ان کے لیے کسی ہدیہ کی ضرورت نہیں۔ اول تو خدا کا شکر ہے۔ کہ ان کی ضرورت کی چیزیں سب ہی ان کے پاس ہیں۔ دوسرے یہ کہ ہدیوں کی صورت میں اولاد میں اچھی خاصی طمع پیدا ہو جاتی ہے۔ آپ حضرات سے توقع ہے۔ کہ اس کا لحاظ ضرور فرما دینگے۔ والسلام محمد اعزاز علی غفرلہٗ از دیوبند

۱۸؍ ذیقعدہ ۱۳۶۱ھ بروز جمعہ

باقی صفحہ نمبر ۵۳

ہونے کے برابر ہیں اور مجھے اس پر خاص طور پر اس لیے بھی خوشی ہے کہ کہ

شامل حجال گل میں ہمارا لہو بھی ہے

یعنی آپ کی ذات کی محنت تو ہے ہی لیکن اس کے علاوہ پروف ریڈنگ میں ناچیز کی سعی بھی شامل ہے

می تو اند کہ دہد اشک مرا حسن قبول

آنکہ در ساختہ است قطرۂ بارانی را

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اپنی جہاز راں کمپنی

# پی این ایس سی

کے

## جہاز سے مال بھیجیے

## بروقت ۔ محفوظ ۔ باکفایت



پی ۔ این ۔ ایس ۔ سی براعظموں کو ملاتی ہے ۔ عالمی منڈیوں کو آپ کے قریب لے آتی ہے ۔ آپ کے مال کی بروقت، محفوظ اور باکفایت ترسیل برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان دونوں کے لئے نئے مواقع فراہم کرتی ہے ۔

پی ۔ این ۔ ایس ۔ سی قومی پرچم بردار ۔ پیشہ ورانہ مہارت کا حامل جہاز راں ادارہ، ساتوں سمندروں میں رواں دواں

**قومی پرچم بردار جہاز راں ادارے کے ذریعہ مال کی ترسیل کیجئے**


پاکستان نیشنل
شپنگ کارپوریشن
قومی پرچم بردار جہاز راں ادارہ

PNSC

Islamabad


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




We've Developed Fabrics With Such Lasting Quality And Style That Theres Only One Word For It

Star

For high quality fabrics of the most consistent standard remember the name Star Textile. Star fabrics are made from world famous fibres. Sanforized for Shrinkage Control.

For the most comfortable and attractive shirting and shalwar qameez suits, look for the colour of your choice in Star's magnificent Shangrilla, Robin, Senator fabrics.

To make sure you get the genuine Star quality, look for the Star name printed on the selvedge along every alternate metre.

SANFORIZED

THE ESSENCE OF STYLE AND TOTAL COMFORT!

Textile Mills Limited Karachi

P.O. BOX NO. 4400 Karachi 74000


© rasailojaraid.com